سوال

(27) شرعی دم کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شرعی دم کا طریقہ کیا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

لفظ دم کو عربی زبان میں رقیہ کہا جاتا ہے، جس کا معنیٰ ہے، بغیر تھوک کے پھونک مارنا۔

شرعی دم سے مراد شفاء کی غرض سے پڑھی جانے والی وہ آیات قرآنیہ اوراد عیہ مسنونہ ہیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف عوارض کےلئے امت کو سکھلائی ہیں۔

دم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دم کرنے والا دعائیں وغیرہ پڑھ کر مریض کے دردوالی جگہ پر پھونک دے یا اگرلپنے آپ کو کرنا ہو تواپنے ہاتھوں پر پھونک کرہاتھوں کو جسم پر مل لے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الطہارہ جلد2